## سوال

طلوع آفتاب اور غروب آفتاب کے وقت نماز پڑھنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

طلوع آفتاب اور غروب آفتاب کیوقت نماز پڑھنا اس آدمی کی جو نیند سے بیدار ہو طلوع آفتاب کیوقت اور غروب آفتاب کے وقت کیسا ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے :

« عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ : سُئِلَ النَّبِيُّ ﷺ عَنِ الرَّجُلِ يَغْفُلُ عَنِ الصَّلٰوةِ اَوْ يَرْقُدُ عَنْهَا قَالَ : يُصَلِّيهَا إِذَا ذَكَرَهَا » ( رواه ابن ماجه والنسائی )

اور صحیح بخاری میں ہے :

« عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ ا ﷺ إِذَا اَدْرَكَ اَحَدُكُمْ سَجْدَةً مِنْ صَلاَةِ الْعَصْرِ قَبْلَ اَنْ تَغْرُبَ الشَّمْسُ فَلْيُتِمَّ صَلاَتَهُ ، وَإِذَا اَدْرَكَ سَجْدَةً مِنْ صَلاَةِ الصُّبْحِ قَبْلَ اَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَلْيُتِمَّ صَلاَتَهُ »۔بخاری ۔ مواقیت الصلوۃ باب من ادرک من الفجر رکعۃ ۔ ( مسلم ۔ المساجد باب من ادرک رکعۃ من الصلوۃ فقد ادرک تلک الصلوۃ )

’’حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ اس آدمی کے بارہ میں سوال کیے گیے جو نماز سے غافل ہو جائے یا اس سے سو جائے آپ ﷺ نے فرمایا وہ اس وقت نماز پڑھے جس وقت اس کو یاد آئے ۔ ‘‘

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے اس نے کہا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تمہارا ایک غروب آفتاب ( کے آغاز ) سے پہلے نماز عصر کی ایک رکعت پڑھ لے وہ اپنی نماز پوری کرے ۔ اور جس نے طلوع آفتاب ( کے آغاز ) سے پہلے نماز فجر کی ایک رکعت پڑھ لی وہ اپنی نماز پوری کرے ‘‘

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

**نماز کا بیان ج1ص110**